يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ

الحمد لله علی احسانه والشکر له علی امتنانه که این هر دو رسالهٔ عجیبه و عجالهٔ غریبه اولهما موسومه

بطعن السنان علی من جرح فی القرآن بما حرمت المتعتان

وثانیهما موسومه

التعلیق فی اثبات جلد الکلاب قتلاء النحل

ورده قرآن که عبدا...

اقول ... خاک مین ملوادیا

... کی جواب اپنی

(مصنفهٔ ... علی ... حبیب ...)

بسم الله الرحمن الرحيم

تبارك الذي نزّل الفرقان على عبده ليكون للعٰلمين نذيرًا + وصلٰوته على من ارسله
داعيًا الى الله باذنه وسراجًا منيرًا + وعلى حفظة القرآن وجمعته الذين قاموا بخدمته
ونشره وتبشيرًا + اما بعد مخفی نہ رہے کہ خاتمے سوال اول سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاید مسٹر کوئی انگریزی
کہ جسنے اندنون دو قطعے استفتے ایک تو یہ استفسار حقیقت قرآن دوسرا متضمن استخبار کیفیت متعہ نسوان پر جناب اجتہاد
مآب امام [illegible] علامہ المتکلم زبان الحکماء سلطان العلماء کی خدمت سراپا مکرمت مین پیش کئے تھے کہ نفی یا اثبات
کی کچھی جیسا عبارت دونون استفتون سے واضح ہوگا لیکن بحکم [illegible]
اظہار انکو علیحدہ [illegible] گئے

[illegible]

اس عبارت افادہ

[illegible]

کیا اعتقاد ہی حضرات شیعہ کا اس قرآنِ مروّج کی باب مین آیا یہی قرآن مُنزّل من اللہ ہی بلا کم و کاست
یک آپکو وصیت کی تھی پیغمبر خدا صلعم نی اور یہی کبر ثقلین ہے اور اسیکو امیر المومنین نی جمع کیا تھا اور اپنے
تخط خاص سے لکھا تھا اور اسیکو ائمہ ہدی علیہم السلام نی حفظ کیا تھا اور اسی پر صاحب الامر عمل کرینگی اور اسیکو نماز مین
پڑھینگی اور اسکی احکام برحق اور واجب العمل ہین اور یہی قرآن ہی کہ جسکا قول اور فعل اسکی مخالف ہو تو باطل ہی
اور یہی ہی کہ جسمین تبدیل اور تحریف کو دخل نہین اور یہی ہی کہ جسمین کمی اور زیادتی کو راہ نہین اور یہی ہی کہ
سکے شان مین ہے وَاِنَّہٗ لَکِتَابٌ عَزِیْزٌ لَا یَاْتِیْہِ الْبَاطِلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَلَا مِنْ خَلْفِہٖ تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَکِیْمٍ
نہین یا وہ قرآن اور تھا اور یہ اور ہی اگر وہی ہی تو ویسا فرمائی اور اگر وہ قرآن اور تھا تو اوسمین کتنی آیتین تہین اور کیا
مضمون تھا اور اوسمین اور اسمین کتنا ایر پھیر ہی اور اب دنیا مین کوئی اوسکا حافظ ہی یا نہین اور کوئی نقل اوسکی کسی ملک مین
موجود ہی یا نہین اور موجود ہی تو فرمائی کہان ہی اور اگر موجود نہین تو فرمائی کہان ہی اور کہان غائب ہوگیا اور
کس سبب سے غائب ہوا اور اس قرآن مروج نی کیونکر رواج پایا اور اس قرآن مروج کی تالیف کرنیوالی حضرات شیعہ کے
اعتقاد مین مومن تھی یا منافق اگر مومن تھی تو مومن کا یہ کام نہین کہ نیا قرآن بناوی اور کہی کہ یہ قرآن منزل
من اللہ ہی اور اگر منافق تھی تو مومنونکو منافقون کے روایات پر اعتماد کرنا اور اوسکو نماز مین پڑھنا اور اوسکو دلیل
شرعی قرار دینا اور اوس سے [illegible] مسئلہ نکالنا دینداری ہی یا بیدینی سائل چونکہ محض طالب حق ہی اسواسطی امیدوار ہی
اس مسئلہ کا جواب معتبر کتاب سی لکھا [illegible] چند سوال ہمسر قال المجتہد المقام بسم اللہ الرحمن الرحیم جواب طرف
[illegible] لام حقیقت حال یہ ہی کہ جو قرآن مجید کہ بالفعل مروج اور متداول ہی
خلیفہ اول مین جمع کیا گیا تھا اور وہ قرآن کہ عبد اللہ
[illegible] کے عہد کے مین جلوا دیا اقول
[illegible] سائل کی جواب اپنی

اگر مندرم بخانہ برگشت ہی کیا معنی اور اگر تہا تو بموجب اعتراف صاحب مجمع البیان ان القرآن کان علی عہد رسول اللہ
صلعم مجموعا مولفا علی ما ہو علیہ الآن الی آخر ما سیجئ جناب عثمان کیونکر محرق القرآن ٹہہرے
فراوان حیرت ہی کہ جناب طوسی علیہ الرحمہ بعضی ظلمہ کہ بہر کا کر سینونکی مدرسی کہ خالی قرآن اور حدیث سی ہیں تا
پہونکوائین خدام والا اونکو خطاب محرق القرآن کا نفرمائین اور بیچاری عثمان خیرخواہ امت شفیع امتان کو بسبب
احراق مشکوک القرآن کی محرق القرآن بتائین چار دن کی بات ہی معرکہ اجو ہیا کہ کمتر از معرکہ کربلا نتہا یا دیجئی کہ جب
کفار نابکار نی کلام الٰہی شہید کئی اور غریب یا اندرونی اوراق سوختہ حکام نافرجام کو دی کسنی آنکہو پر پٹی باندہ لی
کون کان مین تیل ڈال بیٹہا کسکے مساہلت و مداہنت سے انتقام نہوا آخر قرآن کی کیسی مار پڑی کہ طبقہ الٹ گیا اور سارا
کارخانہ پلٹ گیا مضمون متین من شانہ ان یغفر ذنبا و یفرج کربا و یذہب قوما و یضع آخرین پیش نظر ہی
تو ہی نہین خدا کا ڈر ہی طرفہ یہ ہی کہ یہ حرکت آپ کرین اور دوسرونکو ملزم کرین ع عمرت دراز باد کہ اینہم غنیمت است اقال الحق
القمقام چنانچہ مشکوۃ شریف مین زید بن ثابت سی ایک روایت طولانی لکہی ہی کہ خلاصہ اوسکا یہ ہی کہ زید نی کہا بعد
جنگ یمامہ کی جسمین اکثر قرا و قرآن شہید ہوے مجکو ابوبکر نی بلایا اور بمشورہ عمر بن الخطاب کے بہت اصرار اور تاکید کی مجہ
کا قرآن کو جمع کر آخر الامر مینی جابجا تلاش کر کی قرآن کو جمع کیا تا اینکہ آخر سورہ توبہ کو نزدیک ابو خزیمہ انصاری کے
پایا اور کسیکے پاس نتہا وہ آیت یہ تہی لقد جاءکم رسول من انفسکم آخر سورہ توبہ تک اور جو کچہہ کہ مینی جمع کیا صحیفون مین
لکہہ کی ابوبکر کو دیدیا اور اونکی پاس تادم حیات انکی رہا بعد اوسکی عمر کی مدۃ العمر اونکی پاس رہا پہر بعد وفات انکی نزدیک حفصہ
اونکی بیٹی کی پاس رہا **اقول بفضل العزیز العلام** ہرچند سراپا مکرمت مین پیش نہی کہ نفی یا اثبات
کہ مشکوۃ مین موجود ہی او مشکات ترجمہ شیخ عبدالحق یا ان اسنقون سی اصح ہوگا لیکن بجا ایکا
یہاں کہنا تا لوگ جانین کہ شیخین تہمت [illegible] انکو علی الحق [illegible]
رہا کہ چندان منافی نہ تہا [illegible]

پاین عبارت افادہ:

بشورت حضرت عمر اور انتہا اوسکی حضرت عثمان پر بشورت حضرت امیر کی قرار پائی لیکن شیخین کے عہد مین بسبب
کثرت حروب اور تجہیز جیوش اور رجوع مہمات کے اگرچہ ایک مصحف مین جمع ہوا لیکن بدستور نامرتب رہا اور ختنین کی
وقت ایک مصحف مین بھی جمع ہوا اور ترتیب بھی پایا اور یہ ترتیب مطابق لوح محفوظ کی ہی کہ جسکا کچھ شک نہین
اسواسطی کہ ہر سال حضرت جبریل حامل التنزیل رمضان المبارک مین تشریف لاتی تہی اور اسی ترتیب پر حضرت کے
ہمراہ بطور مدارست تلاوت فرماتی تہی یہانتک کہ عام رحلت مین آیہ اِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ
بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيلٌ مِنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ کو دو مرتبہ لائی اور وہی ترتیب حضرت کی تعلیم سی بہت
صحابہ کو یاد تہی اوسیکی موافق جناب عثمان صاحب الحیاء والایمان کے عہد مین بلا کم و کاست قرآن مرتب ہوا اب یہ ہی قرآن ہی
جسمین شیعونکو بھی مجال انکار کی نہین کیونکہ فاضل طبرسی تفسیر مجمع البیان مین اس بات کی یون تصدیق کر رہا ہی کہ
ذکر السَّيِّدُ الْأَجَلُّ الْمُرْتَضَى عَلَمُ الْهُدَى ذُو الْمَجْدِ أَبُو الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمُوسَوِيُّ أَنَّ الْقُرْآنَ
كَانَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَجْمُوعًا مُؤَلَّفًا عَلَى مَا هُوَ عَلَيْهِ الْآنَ وَاسْتَدَلَّ
عَلَى ذَلِكَ بِأَنَّ الْقُرْآنَ كَانَ يُدَرَّسُ وَيُحْفَظُ جَمِيعُهُ فِي ذَلِكَ الزَّمَانِ حَتَّى عُيِّنَ عَلَى جَمَاعَةٍ مِنَ الصَّحَابَةِ فِي
حِفْظِهِمْ لَهُ وَأَنَّهُ كَانَ يُعْرَضُ عَلَى النَّبِيِّ صلعم وَيُتْلَى عَلَيْهِ وَأَنَّ جَمَاعَةً مِنَ الصَّحَابَةِ كَعَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ
وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَغَيْرِهِمَا خَتَمُوا الْقُرْآنَ عَلَى [illegible] خَتَمَاتٍ وَكُلُّ ذَلِكَ بِأَدْنَى تَأَمُّلٍ يَدُلُّ عَلَى أَنَّهُ
[illegible]
[illegible] مَنْ خَالَفَ مِنَ الْإِمَامِيَّةِ وَالْحَشْوِيَّةِ لَا يُعْتَدُّ
[illegible] الْحَدِيثِ نَقَلُوا أَخْبَارًا ضَعِيفَةً ظَنُّوا صِحَّتَهَا لَا يُرْجَعُ
[illegible] الْيَقِينِ اور جناب امام المتشیعین کو نسبت حضرت امیر کی التزام
[illegible] ماتی رہا فالحمد للہ خمیرمایۂ دوکان شیشہ گر سنگست
انس ابن مالک سی منقول ہی کہ عثمان نی اون صحف کو
عثمان نی قرآن کو جمع کروایا تو اوس صحف کو
حکم کیا کہ سوا اس قرآن کی جو کچھہ کسی صحیفے
مین اوسمین ناقص ہی اسکی پوری بیان
کی دی سنبھالا کر پڑہ چلنی لگی
ہو لگا تو حذیفہ بن الیمان

[illegible]

اور ایک جماعت صحابہ ... مثل ابن مسعود اور ابی ... ختم کئی بہت ختم ... اور ان سب باتون سی معلوم ہوتا ہی کہ ... لاکت ... کہ قرآن ... پراگندہ تہا ... کہ جس ... قرآن موجود ... اختلاف کیا ... اوسکا اعتبار نہین ... کہ وہ ... جنہون نی اخبار ضعیفہ نقل کئے اور او ... صحیح ... پس معلوم یقینی کو چہوڑ کر او ... نہین ہو سکتا

جناب عثمان کے پاس آکر فریاد اور رفغان کرنی لگی کہ یا امیر المومنین لوگون نی قرأت مین اختلاف ڈال رکہا ہی سو اس
امت کو تہام رکہی کہ یہ اوسمین اختلاف نہ کرین یا و ہن جیسا یہود اور نصاری نی اپنی کتاب مین اختلاف کیا
جناب عثمان نی اون صحیفون کو ام المومنین حفصہ کی پاس سی مستعار لیا اور زید بن ثابت اور عبد اللہ بن
اور سعید بن عاص اور عبد الرحمن بن حارث کو فرمایا کہ ان صحیفون کو مصاحف مین لکہو اور عند الاختلاف
قریش کو مقدم رکہو کہ قرآن اونکی زبان پر اوترا پہر جب اون لوگون نی اسیطرح کیا تب حضرت حفصہ کا صحیفہ
ہو گیا اور اون مصحفون مین ایک ایک مصحف ہر ایک ملکون مین بہیجا اور ماسوا کو علی اختلاف الروایتین جلا
یا پہاڑنیکا حکم دیا انتہی مرقات مین لکہا ہی کہ مراد ماسوا سی منسوخ التلاوۃ ہی سجستانی نی کہا کہ سات مصحف
لکہوائی تہی ایک مکہ بہی مین یا ایک مکی مین باقی پانچ کو شام اور یمن اور بحرین اور بصری اور کوفی بہیجا شیخ عبد
افادہ فرماتی ہین کہ قرآن تین بار ہی جمع ہوا ایک مرتبہ آنحضرت صلعم کی روبرو لیکن نہ مصحف واحد مین اسکا سبب
گذر چکا اور ایک مرتبہ صدیق اکبر کی عہد مین اس اندیشی سی کہ مبادا کچہہ ضایع نہو جاوی لیکن بی ترتیب رہا اور ایک
حضرت عثمان کی عہد مین اس خوف سی کہ قرآن مین اختلاف پڑی حضرت علی مرتضی شیر خدا اکثر فرمایا کرتی کہ واللہ
کیا خوب کام کیا اگر وہ بہی یہ کام انصرام نہوتا تو مین سرانجام دیتا پس اس حدیث اور اسکی شرحون
ثابت ہوا کہ یہ امر جلیل الشان بہترین حسنات جناب عثمان ہی اور وہ محرق القرآن نہین بلکہ محرق ماسوی القرآن
کہ جو باعث اختلاف کا تہا یہی داغ ہی دشمنون کی دلون پر کہ بعد انکی دخل اور تصرف کو گنجایش نہ رہی اور مثل توریت
انجیل نسخی مختلف قرآن کی ہاتہہ نہ آئی کہ کچہہ داو چلتا ۵ بمیر تا برہی ای حسود کین رنجیست ٭ کہ از مشقت او
بمرگ نتوان رست ٭ توانم آنکہ نیازارم اندرون کسی ٭ حسود را چکنم کو ز خود برنج درست ٭ **قال المجتہد**
القمقام شیخ عبد الحق دہلوی نی لکہا ہی کہ اس حدیث سی ظاہر ہوتا ہی کہ جو مصحف نزدیک حفصہ کی تہی بعد
واپس کرنیکی پہر وہ بہی جلا دی گئی انتہی ملخصاً **اقول بفضل العزیز العلام** شیخ کی عبارت سی یہ نہین ظاہر
کہ حفصہ معظمہ کی صحیفی کو جناب عثمان نے جلایا بلکہ مرقات مین لکہا ہی کہ جب مروان حاکم مدینہ کا ہوا تو اوسنے بعد انتقال
ام المومنین حفصہ کی خوف اختلاف سی جلوایا کیونکہ وہ بی ترتیب محض تہا جیسا گذرا جب قرآن جمع کردہ جناب عثمان
امام الائمہ حد صحت کو پہونچا اور سیوطی ملا صادق شارح کلینی نی بہی باعلای ندا پکار دیا کہ وَيَظْهَرُ الْقُرْآنُ
بِهَذَا التَّرْتِيبِ عِنْدَ ظُهُورِ الْإِمَامِ الثَّانِي عَشَرَ وَيَشْتَهِرُ بِهِ تو اب مروان پر بہی جگہہ تشنیع
اور بہتان کی نرہی گو اور فعل اوسکی شنیع ہوا کرین اب یہان کسیکو پہر پہیلانیکی جگہہ نرہی باقی یہ کہ

تو بشنوی یا بشنوی من گفتگوی میکنم۔ امر آخر ہی اسمین اختیار **قال المجتهد القمقام** اور یہ روایت تو مشہور ہی
کہ جبکہ ابن مسعود نی انکار دینی کا اپنی مصحف کی کیا تو عثمان نی اونکو ضرب اور تادیب کے اور اونسی بزور قرآن مجید کو لیکی
جلوا دیا اور کچھہ پاس اونکی صحابیت اور جلالت قدر کا نکیا خلاصہ یہ ہی کہ دلسوزی خلافت پناہ کی قرآن
سوزی مین طشت از بام افتادہ ہی کہ علمای اہلسنت بھی انکار اسکا نہین کر سکتے **اقول الفضل العزیز**
العلام کتب صحیحہ مین اسیقدر ہی کہ جب قرآن کی قرائتون مین اس حد کو اختلاف پڑا کہ اکثر عوام الفاظ غیر منزلہ
پڑہنی لگی اور اختلاف قرأت کو بہانہ پکڑنی لگی اور بعض مصحفون مین مثل مصحف ابی ابن کعب کی قرأت شاذہ وتھی اور آنمین
آیتین منسوخ التلاوۃ اور بعض الفاظ تفسیرون کی کہ جناب رسالتمآب وقت تلاوت کی بیان معانی فرماتی تھی اونمین
داخل اور اسیطرح مصحف ابن مسعود کا حال تھا کہ برخلاف اجماع اور تواتر کی دعا قنوت کو داخل قرآن جانتی تھی اور
معوذتین کو خارج جیسا اُستاد کلینی نی بھی تفسیر اہلبیت مین ابی بکر حضرمی سی روایت کی کہ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ جَعْفَرٍ علیہ السلام
اِنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ کَانَ یَمْحُو الْمُعَوِّذَتَیْنِ مِنَ الْمُصْحَفِ فَقَالَ کَانَ اَبِیْ یَقُوْلُ اِنَّمَا فَعَلَ ذٰلِکَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ بِرَأْیِہٖ
وَهُمَا مِنَ الْقُرْاٰنِ پس ان وجہون سی بمشورہ حذیفہ بن الیمان اور بہت صحابیون کی کہ جناب امیر بھی اونمین شریک تہی
حضرت عثمان نی چاہا کہ ایک مصحف مین قرآن جمع ہوی تا تمام عرب اور عجم کا اختلاف اوٹھہ جاوی اسمین ابی بن کعب نی
اپنی مصحف کو بخوشی حوالی کیا لیکن ابن مسعود نی ندیا اور اون قرأت شاذہ وغیرہ کی اخراج اور معوذتین کے
ادخال پر راضی نہوی غلامان جناب عثمان سی بمرضی انکی کچھہ درشتی ہوئی کسی کا مونہہ چلا اسیکا تہا
جب جناب عثمان نی سنا بہت عذر کئی ابن مسعود اگر اس عذر واجبی کو قبول نکرین تو حضرت عثمان کے کیا خطا
یہ امور باعث طعن کے نہین ہوسکتی ایسی چیزین عالم سیاست مین کثیر الوقوع ہین خصوصاً جس وقت دین مین
رخنہ پڑنی لگی اور خلاف جمہور صحابہ کہ جسمین جناب امیر بھی شریک تہی ان کو لی بشریت پر اڑنی لگی یہان تو سیاست
دنیا کی لیی باعتراف شریف مرتضی فی تنزیہ الانبیا خود جناب امیر نی خلاف حدیث لَا تُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰہِ
کہ مروی ائمہ اطہار سی ہی لوطی کو جلوایا اور ابو موسی اشعری کی گہر کو لٹوا کر پہونکوایا طلحہ اور زبیر کی ہتک
حرمت کی اپنی بہائی حقیقی عقیل بن ابی طالب کو یہان تک تنگ کیا کہ وہ جنگ صفین سی برخاستہ خاطر ہو کر
معاویہ سی جا ملی اب حضرات شیعہ فرمائین کہ کیا یہ لوگ صحابہ نتھی انکی صحابیت اور جلالت کی رعایت کیجاتی
دلسوزی خلافت پناہ کی اگر قرآن سوزی سی ظاہر ہی تو جان سوزی امامت دستگاہ کی انسان سوزی سی
باہر بہی فرق ہی کہ وہان ماسوی القرآن جلا اور یہان نفس انسان البتہ انکار اسکا اہلسنت کو نہین

۱ یعنی ارادہ کی آپنی یعنی حضرت ابوبکر نی پیچھا چہڑایا ابن مسعود نی معوذتین یعنی سورہ قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس کو مصحف سی خارج کیا اور کہتا تہا کہ رضی ابن مسعود کا اپنی آپکی تہا اسکی اصل نہین معوذتین البتہ قرآن مین سی ہی ۱۲ منہ

۲ یعنی عذاب مذکور کسی پر آگ کا عذاب یعنی کسیکو کسی گناہ پر آگ مین جلانا نچاہی کہ یہ عذاب خاص اللہ کا ہی ۱۲ منہ

سع سخن شناس نه دلبرا خطا اینجاست **قال المجتهد القمقام** بلکہ فخر رازی نے نہایۃ العقول میں لکہا ہی کہ جلادالنا
باقی مصاحف کا درحقیقت نہایت تعظیم تھی کہ مبادا کوئی پرزہ اُسمین سے زمین پر گر پڑے تو باعث اہانت اوسکی کا
ہوگا سبحان اللہ جلانا قرآن کا تو تعظیم ٹہرا اور گرنا اوسکا زمین پر باعث تحقیر کا ہوا حالانکہ جلال الدین سیوطی نے
کتاب اتقان میں قاضی حسین سے نقل کی ہی کہ اونسے کہا کہ جلانا قرآن کا خلاف احترام ہی اور جو چیز کہ خلاف احترام ہو
وہ اہانت اور استخفاف ہی انتہی **اقول بفضل العزیز العلام** جس مصحف میں نفع متصور نہو اوسکی اضاعت
میں علما کا اختلاف ہی بعضی کہتے ہین جلا دینا چاہیے اور بعضونکے نزدیک بہہ ڈالنا چاہیے لیکن محققین تفصیل کرتے ہین
کہ جو قرآن من حیث انہ قرآن ہی جیسے قرآن مع الآن اسکا جلانا بہتر نہین کیونکہ اسمین گو نہ اہانت ہی بلکہ
دہوکر اوسکی غسالی کو کسی مکان طاہر مین ڈالدین یا پی لین کہ یہ ہر مرض کی دوا ہی اور ہر درد کی شفا اور جو قرآن من حیث
انہ قرآن نہین جیسے مصاحف محرفہ جناب عثمان اسکا دہونا بہتر نہین کیونکہ احتمال حرفون کی بچ جانیکا ہی بلکہ اسکو
جلا ڈالنا چاہیے تا اثر اختلاف کا مطلقاً باقی نرہے جیسا جناب عثمان نے کیا پس قول رازی کا ناظر ہی اس معنی کی طرف
اور قول قاضی کا ناظر ہی اوس معنی کی طرف اس تقدیر پر تعارض بین القولین اوٹہگیا اور رازی سے قاضی رازی ہوا اب حقیقت
مین جلانا ایسے قرآن کا جسنے اختلاف اور تکفیر فیما بینہم ہو باعث بڑی تعظیم کا ہوا اگر یہ امر باعث اہانت کا ہوتا تو کوئی
صحابی جلانے نہ دیتا جناب عثمان نے جیسے بمشورہ پچاس ہزار صحابیون کی کہ بہتیرے اون مین جناب امیر المومنین تہے
قرآن صحیح کو جمع کیا ویسا ہی بصوابدید انہین لوگون کی جلوایا اس صورت مین اگر جناب عثمان مورد طعن ہوسکتے ہین
تو جناب امیر اور دوسرے اصحاب بھی اسمین شریک ہین اور یہ جو فرمایا کہ سبحان اللہ جلانا قرآن کا تو تعظیم ٹہرا اور گرنا
اوسکا زمین پر باعث تحقیر کا ہوا یہ بات شان اجتہاد اور شایان داد سے نہایت دور ہی کیونکہ اس سے ثابت ہوا کہ گرنا
اوسکا زمین پر اور لگدکوب ہونا اُسکی استنباط مین باعث تحقیر کا نہین حالانکہ جلانا اور زیر کی پچی لانا صورت تحقیر مین
دونو برابر ہی کوئی اُن مین مابہ الامتیاز نہین اور مسلما کہ جلانا باعث تحقیر اور اہانت کا ہی لیکن اور کی ٹہیلی پر پہینسنا
اور اپنا غیر نہ دیکہنا صاف انصاف کی گلی پر چہوری چلانا ہی کلینی بروایت زید بن جہم ہلالی امام جعفر صادق سے
لکہتے ہین کہ اللہ فرماتا ہے وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ
دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ أَئِمَّةٌ هِيَ أَزْكَى مِنْ أَئِمَّتِكُمْ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ أَئِمَّةٌ قَالَ إِي وَاللّٰهِ
قُلْتُ إِنَّمَا نَقْرَءُ أَرْبَى قَالَ وَمَا أَرْبَى وَأَوْمَى بِيَدِهِ فَطَرَحَهَا إِهَانَةً فرمائیے کہ قرآن صحیح کو باعتراف
ملا زمان کی قابل التعظیم اور واجب العمل ہی اسکا زمین پر دے مارنا اور اہانت سے اوٹہا پہینکنا اہانت ہی یا نہوا

القرآن کا جلانا اور علاوہ اسکی عظمت قرآن کی تو یہہ ہی کہ اسکو ناپاک لوگون سے دور رکہی اور قاذورات کی جگہہ پر نہ پہینکی
اور اسکی تلاوت کو زندگی مین باعث برکت اور مرنیکی بعد سبب مغفرت کا سمجہی یہہ شیعون کو کہان نصیب صاحب استبصار
فرما رہی ہین کہ لا باس ان تتلوا الحایض والجنب القرآن اور من لا یحضرہ الفقیہ مین پڑہنا قرآن کا جایز ضرور مین
بقدر آیۃ الکرسی کے جایز کہا اور عوام بلکہ اکثر خواص شیعون نے موت و حیات مین قرآن کی بدلی ضمیر اور دبیر کی مرثئی پر اکتفا کیا
اب کہین منہہ سے پوچہی کہ تعظیم کون کر رہا ہی اور تحقیر کون وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ۵ نازم
کہ از رقیبان این کشان گذشتم ۞ گو شست خاک ما ہم بر باد رفتہ باشد ۞ **قال المجتہد القمقام** ابہم پوچہتی ہین کہ کیا
اعتقاد ہی حضرات سنیہ کا اسمقدمہ مین کہ جو مصاحف عہد ابو بکر اور عمر مین لکہی گئی تہی اور وہ قرآن جو ابن مسعود وغیرہ
اصحاب نے جمع کئی تہی اور عثمان نے اون سبکو جلا دیا منزل من اللہ تہی یا نہ تہی اگر کہو کہ منزل من اللہ اور واجب العمل تہی تو پہر
کیون جلا ڈالی گئی اور اونمین کتنی آیتین تہین اور انہین کیا مذکور تہا اور اون مصاحف محرقہ مین اور اس قرآن مروج مین کتنا
ایر پہیر تہا اسکا بتانا تمکو لازم ہی نہ یہ کہ پوچہتی ہو یہ طرفہ ماجرا ہی کہ تم تو جلاؤ اور ہمسی پوچہو کہ کیا ایر پہیر تہا اگر کہو
کہ ایسا اختلاف تہا کہ جیسا اختلاف قرأتون مین قراء سبعہ یا عشرہ کی ہی تعجب نہین ہو سکتا اسواسطی کہ ایسا اختلاف تو اب بہی موجود ہی پہر
اسکو کیون جلا دیا اور اوسکو جلایا اسی صاف معلوم ہوتا ہی کہ اختلاف بہت تہا اور بڑا ایر پہیر تہا پہر بتاؤ کہ وہ قرآن کہان گئی
اور دنیا مین کوئی اونکا حافظ ہی یا نہین اور کوئی نقل اونکی کسی ملک مین موجود ہی یا نہین اگر موجود ہی تو فرمائی کہان ہی اور
اگر موجود نہین ہی تو آیۃ انا لہ لحافظون کسطرح صادق ہوگا و لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ و لا من خلفہ تنزیل من حکیم حمید
بنا بر مزعوم اہلسنت کے کیونکر صحیح ہوگا **اقول الفضل العزیز العلام** جب حقیقت حال قرآن کی کہل گئی اور بنا مغالطی
کی ہل گئی تو مستفتی کی ساری سوال آپ پر آتی ہی اور آپکی ساری جواب جاتی رہی بیان اسکا یہہ ہی کہ مصاحف محرقہ اگرچہ منزل
من اللہ تہی لیکن بسبب بی ترتیبی اور انتشار اور خلط قراءت شاذہ اور آیات منسوخہ اور بعض الفاظ تفاسیر کی علی الخصوص
بجہت داخل ہونی دعاء قنوت اور خارج ہونی معوذتین کے کہ اس خروج کا شیعہ بہی انکار نہین کر سکتی تمام اور کمال واجب العمل نہ تہی
اسیواسطی جلائی گئی کہ یہود و نصاری کی طرح اختلاف نہ پڑی اور اونمین آیات متفقہ علیہا اتنی ہی تہی جتنی اب ہین اور مذکور اونمین بہی وہی تہا
جو اب ہی اور مصاحف محرقہ اور مروجہ مین سوائی اون باتون کے جنکا باتفاق فریقین ذکر ہو چکا کچہہ ایر پہیر نہین اختلاف بہت
کم تہا اور نہ پہیر کا ان لم یکن تہا مگر ترتیب تہا یہہ مرتب ہی بموجب کریمہ انا لہ لحافظون کے دنیا مین اوسکی ہزار ہا حافظ موجود
اور موافق آیہ لا یاتیہ الباطل کی ہر ملکون کیا ہر قریون مین تقلیل عکس نشہو تلاوت سی گریہ دون پیر و جوان شاد
لا کہون ابجد خوانون کو جا بجا سی زبانی یاد ۵ چشم بد گر نہ تو دیکہلو صاحب ۞ ہاتہہ کنگن کو آرسی کیا ہی

قرآن مجید صحیفہ علی یا مصحف فاطمہ نہیں کہ خلاف لطف و اصلح غار سُرّ من رأی میں مستور رہی اور نہ تہذیب طوسی یا کافی کلینی ہی کہ بر عکس ہدایت
وارشاد صد روق تقیہ میں مہجور رہی کہ مبادا کوئی تورانی دیکھکر دو ایک اعتراضین جڑی پہر اوسکے چھپانیکا اشکل پڑی
خاصہ قرآن پاک کا ہی کہ کسی منافق ناپاک کو یاد نہیں ہوتا ہی باعث نقصان کو وسیلہ اپنی عیب پوشی کا ٹہراتی ہین جمال شاہد
قرآن نقاب آنگاہ بکشاید کہ دار الملک ایمان را بیابد خالی از غوغا ✤ **قال المجتہد القمقام** اور اگر کہو کہ مصحف
محرفہ ہرگز منزل من اللہ نہی اور یہی قرآن مروج منزل من اللہ ہی تو عہد شیخین میں اور اوائل عہد عثمان میں کونسا
قرآن تھا اور کسپر عمل کیا جاتا تھا اور تراویحون میں کیا پڑہا جاتا تھا اور تالیف کرنی والی اون مصاحف کی عقائد
حضرات سنیہ میں مومن تھی یا منافق اگر مومن تھی تو مومن کا کام نہین کہ کوئی نیا قرآن بنا لیوی اور کہی کہ یہ منزل
من اللہ ہی اور اگر وہ اصحاب کہ جنہون نی پہلی قرآن جمع کیا تہا وہ منافق تھی اور اونکا جمع کیا ہوا غلط تہا تو مقام
تعجب ہی کہ شیخین نی اپنی وقت میں اون منافقون سی لیکی نہ جلوایا اور اوسکو مقبول رکہا اور احکام شرع کی اوسی نکالی
اور نمازون میں اوسی پڑہا او وہ لوگ بھی تو اصحاب تھی پہر حدیث اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم
تمکو یاد ہی یا بالکل فراموش ہوگئی **اقول بفضل العزیز العلام** عہد شیخین اور اوائل جناب عثمان میں اوس
قرآن محرف کی پڑہنی کی کیا حاجت تھی ہزارون کو قرآن اسی ترتیب سی یاد تھی جو اب ہی اور حضرت نی جبرئیل سی
دورہ کیا تھا اور اسی یاد پر عمل کیا جاتا تہا اور تراویحون میں پڑہا جاتا تہا اور جمع کرنی والی اون مصحفون کی بیشک
مومن تھی اگر کسیکو کچھ شبہہ قرأت شاذہ وغیرہ میں پڑا تو عند الاجماع وہ ہرگز اپنی شبہی پر نہ اڑا کیونکہ مومن کا یہ کام
نہین کہ نیا قرآن بناوی اور شیخین نے جو اپنی عہد میں جمع کروایا بسبب محاربات کفار اور رفع خصوم اور مشاغل بسیار کے
فرصت ترتیب کی نہ ملی اس باعث نا مرتب جمع رہا اور احکام شرع کی نکالنی اور نمازون میں پڑہنی کچھ اوسپر موقوف نہی
بلکہ ہزارون کو یاد تہا اس وجہ سے بانکون میں پڑہی جاتی تہی اور احکام شرعی نکالتی تہی ہمکو بیشک حدیث اصحابی کالنجوم
یاد ہی جیسا اونہون نے کیا اور کہا ہم اونکی اقتدا کرتی ہین تمکو البتہ یہ حدیث فراموش ہی کہ انکی اقتدا سی ورے ہو اور سوا
دو چار صحابیون کے سب سے نفرع اینہا زتو آید و چنین ہا تو کنی ✤ **قال المجتہد القمقام** اور فرمائی کہ جناب
رسالتمآب صلعم نے اپنی امت کو وصیت کی تھی کہ مین تم مین چھوڑتا ہون کتاب اللہ اور اہلبیت اپنی کہ یہ دونو جدا نہو
تا وقتیکہ وارد ہون میری پاس حوض کوثر پر مراد اوس سے کونسا کلام اللہ تہا اگر یہی قرآن مروج تھا تو یہ عہد عثمان میں
مروج ہوا اوسوقت کہان تھا اور وہ قرآن جو جلائی گئی وہ تو منزل من اللہ نہی تو پہر اہلبیت اور قرآن مین
عہد عثمان تک جدائی لازم آتی ہی شاید اس حدیث وصیت مین اتنا فقرہ رہ گیا کہ عہد عثمان سی انکین اکٹھین

جدائی نہوگی بلطور و حوض کوثر مگر توجیہ اس فقرہ شریفہ کی کہ مین چھوڑتا ہون تم مین کتاب اللہ اور اہلبیت کو کسطرح
کروگی **اقول بفضل العزیز العلام** سبحان اللہ حدیث وصیت کو خوب سمجھی اگر اسکی یہی معنی ہین تو نسبت بمذہب شیعہ
انقلاب عظیم پیدا ہوگا کیونکہ باعتراف علماء ہین اور بنابر تصریح صاحب حق الیقین کے ثابت ہی کہ قرآن کامل کہ جسکو جناب
امیر نی جمع کیا تہا امام غایب کے پاس غایب ہے جب ظہور فرمائینگے تو یہ بہی نکلیگا اس صورت مین جبتک جناب امیر نی
جمع نکیا تہا اور جبکہ جمع کرکر غایب کر دیا تو اس مابین مین اور بعد غایب کر دینی کی گیارہوین امام تک بہی جدائی لازم آئی
کیونکہ ائمہ ہدی تو اسی قرآن کو پڑہتی پڑہاتی لکہتی لکہاتی آئی ہرگز قرآن مفقود کا انکی پاس اثر بہی موجود نہتا تاجدیکہ بنابر
مزعوم شیعہ حضرت امام حسن عسکری کی تفسیر اسی قرآن موجود پر ہی اب کسی اپنی پانو پر تیشہ مارا اور کسی ثقلین مین تفرقہ ڈالا
شاید ہمین یہ فقرہ رہگیا ہوگا کہ عہد امام غایب مین جدائی ہوگی تا ورود حوض کوثر مگر توجیہ عبارت شریفہ کی کہ مین
چھوڑتا ہون تم مین کتاب اللہ اور اہلبیت کسطرح ممکن ہوگی اسواسطی کہ کتاب اللہ کا ظہور اوسوقت اگر مسلم ہو تو تمسک اہلبیت و سوقت
کہان ہونگی فَاعْتَبِرُوْا یَا اُوْلِی الْاَلْبَابِ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ اس جگہہ خاطر دریا مقاطر موج زن ہی کہ اسی لپیٹ مین
دو چار باتین متعلق حدیث ثقلین کے لکہون اور معنی لَنْ یَّتَفَرَّقَا کی بخوبی بیان کرون مگر طوالت کلام اور غرابت مقام
رخصت نہین دیتی اسلئی اتنی ہی پر کفایت کی سمجہہ والی کو ایک سطر کافی ہی اور ناسمجہہ کو دفتر بہی نہین وافی وَاللّٰهُ یَهْدِیْ
مَنْ یَّشَاءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ **قال المجتهد القمقام** اور ابن عبد البر مالکی نی کتاب استیعاب مین محمد بن سیرین سے
روایت کی ہی کہ جب لوگون نی ابوبکر سی بیعت کی تو حضرت امیر نی بیعت مین تاخیر کی اور اپنی گہر مین بیٹہہ رہی ابوبکر نی
کہلا بہیجا کہ کیون دیر کی تمنی میری بیعت مین آیا کراہت کی تمنی میری امارت اور خلافت سی پس فرمایا حضرت نی
کہ کراہت تو نہین کی مینی لیکن قسم کہائی ہی مینی کہ نہ اوڑہونگا اپنی ردا کو سوای وقت نماز کی جبتک کہ جمع نکرلون
قرآن کو کہا ابن سیرین نی کہ روایت پہونچی مجکو کہ اون حضرت نی جمع کیا قرآن کو موافق اوسکے کہ نازل ہوا تہا
اور اگر ہاتہہ آتا وہ قرآن تو البتہ اوسی علم کثیر حاصل ہوتا اور اوسکے قریب و معنی روایت عبد الرزاق کے
بسنادسی اوسی کتاب مین مذکور ہی **اقول بفضل العزیز العلام** ملا علی قاری نی مرقات مین لکہا ہی یہ خبر
ضعیف ہی اسواسطی کہ بسند حسن ثابت ہی کہ جناب امیر فرماتی ہین اَعْظَمُ النَّاسِ فِی الْمَصَاحِفِ اَجْرًا اَبُوْ بَکْرٍ
رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ هُوَ اَوَّلُ مَنْ جَمَعَ کِتَابَ اللّٰهِ اب اس خبر صحیح کو خبر ضعیف محمد بن سیرین کے معارض
ہوگی معارضی مین شرط ہی کہ متعارضان ضعف اور قوت مین برابر ہون پہر اوسی کتاب مذکور مین ہے کہ بتقدیر
صحت مراد جمع سی حفظ بر اسمہ ہی یا جمع بالانفراد ولیکن جمع ابوبکر کا اجماعی ہی کہ احتمال زیادتی اور نقصان

له یعنی قرآن شریف کی جمع مین ابوبکر کو بڑا اجر ہی اسواسطی کہ ابوبکر پہلا اول قرآن کو جمع کرنیوالی ہی

متشددین کا نہین کہتا اور اسی جہت سے جناب امیر نے حضرت ابوبکر کی جمع کو پسند اور بکلمہ ماعسی خوب مستند کیا قال
المجتہد المقام اب ہم پوچھتے ہین کہ وہ قرآن کیا ہوا اور کہان غائب ہوا اور کوئی اوسکا حافظ اور اسکے
علم کثیر کا عالم ہی یا نہین ہے اور اگر ہے تو کہان ہے اور کس ملک اور کس شہر مین ہے مع جتنے سوال کہ قمی ہمسے کے
مسنے بھی کئی جاتی ہین اوسکا جواب تفصیلا ہم نے اقول بفضل العزیز العلام یہ سوال فرع ہے صحت
روایت ابن سیرین کا حالانکہ جیسے وہ روایت مخدوش ٹہری تو اب اس سوال کے گنجایش نہی بلکہ بنا بر زعم ملا
والا کی مستفتی کا سوال اور جلا پا گیا کہ وہ پوچھیگا کہ یہ قرآن حاضر اوس قرآن غایب کا عین ہے یا غیر اگر عین
تو پھر ناقص ہے نیکی کیا وجہ اور امام جعفر صادق نے کیون اسکو زمین پر پھینک مارا اور جدائی اسمین اور
اہلبیت مین کہان لازم آئی اور اگر غیر ہی تو کیون نمازون مین پڑہتے ہو اور اسپر عمل کرتے ہو اوس قرآن
کیون نہین ڈہونڈہتے اور ائمہ نے کیون اوسکو ظاہر نکیا اور یہ شان کہا قرآن پڑہنے پڑہانیکو آیا تہا یا رکہنے
اور چھپانیکو اس صورت مین چھپانا اور جلانا دونو برابر ہے ہمپر جو سوال وارد تہی لفظ بلفظ ہمنے دفع کئے
جو حاید ہی مع سوالات مستفتے کی حرف بحرف دفع کیجئے بڑی تقیہ کی نہ لیجئے ہر شقون کی جواب سمجھ کے لکھئے
جہکانیکی کچھ دیر کا مضایقہ نہین کہ عقلائے کہا ہی ع مزن بی تامل بگفتار دم ٭ نکو گوی گر دیر گوئی چہ غم
بعد کا شعر کسی اور سی پڑھوا لیجئے قال المجتہد المقام اور تحقیق یہ ہے کہ یہ قرآن صحیح اور جتنے قرآن کہ حرفا
ہم سبکو منزل من اللہ اور واجب التعظیم اور قابل التکریم جانتے ہین اور اہانت اور استخفاف اونکا گناہ کبیرہ ہی اور
اونکا باعث احتراق بنار جحیم ہی اقول بفضل العزیز العلام نام خدا اتنی جو ضمی کی بعد اتنا فقرہ جو منہ
مبارک سے نکلا تو وہ بھی بناے شیعیت کو برہم کرتا ہے قرآن کو پاخانے مین پڑہنا اور جنب اور حایض کو حکم تلاوت
دینا کیا خوب تعظیم ہی ع برعکس نہند نام زنگی کافور ٭ ابہی گذر چکا کہ حضرت امام جعفر صادق نے اسی قرآن مرتب
اہانت کی راہ سے زمین پر پھینک مارا اور خواجہ طوسی نے سنیونکا مدرسہ جلوایا کہ خالی قرآن متعدد وسی نہا
اور وہ کی معرکہ مین خدام والائے جو عظمت قرآن کی کی اور وہ باعث برہمی ریاست مخصوصہ ہوئی کالشمس
رابعۃ النہار ہو گیے یہ باتین موجب اہانت اور استخفاف کی ہین تو آپکے نزدیک گناہ کبیرہ ہی اور نار جحیم کسکا حصہ
یہ باتین اہانت اور استخفاف کی نہین تو قرآن غیر مرتب اور مشکوک کو بنظر رفع فساد کے جلانا اور یہود و نصاریٰ
اختلاف مٹانا باوجودیکہ اہانت اور استخفاف کا نام نہ کیا مقابلہ الزام ٭ آپکے ہوئی غرض سخن سے
لاحول ولا قوۃ الا باللہ قال المجتہد المقام اور ہمارے روایات سبعہ احرف کی جو اختلافات

وہی ۵ ازجملہ ساتون حرفون کی تھی کہ قرآن مجید اوپر نازل ہوا تھا چنانچہ مشکوۃ مین لکھا ہی کہ خلیفہ ثانی نی خود فرمایا ہے
کہ سنا مینی ہشام بن حکیم بن حزام سی کہ پڑھتا تھا سورۂ فرقان کو برخلاف اوسکی کہ جو مین پڑھتا تہا اور جناب رسول خدا
صلی اللہ علیہ و آلہ نی مجکو پڑھایا تہا پس قریب تھا کہ مین اوسی اوسیوقت پہڑ جاؤن لیکن مینی اوسکو چھوڑ دیا یہان تک
کہ قرأت کو تمام کیا پہر تو مینی ردا اوسکی گلی مین ڈالکی کہینچتا اور گہسیٹتا ہوا جناب رسالت پناہ کی پاس لیگیا اور کہا
کہ سنا مینی اسکی کہ پڑھتا ہی سورۂ فرقان کو برخلاف اوسکی کہ مجکو آپنی تعلیم کیا ہی فرمایا اون حضرت صلعم نی مجھسی کہ
چھوڑ دی اسکو بعد ازان ہشام سی فرمایا کہ پڑہ تو کسطرح سی پڑھتا ہی اوسنی پڑہا اوسی طور سی کہ پہلی مینی اوسکی
سنا تھا آنحضرت صلعم نی فرمایا کہ اسی طور سی یہ سورہ نازل کیا گیا ہی پہر مجھسی فرمایا کہ تو بہی پڑہ مینی بہی پڑہا
فرمایا کہ اسیطرح سی نازل کیا گیا ہی مین اوسوقت حیران ہوا کہ دونو کو فرمایا کہ اسیطرح سی نازل ہوا پہر حضرت نی فرمایا
کہ یہ قرآن نازل کیا گیا ہی سات حرفون پر پس پڑہو جسطرح سی کہ میسر ہو **اقول بفضل العزیز العلام** سبعہ
احرف کی تفسیر مین علما کا اختلاف ہی بعضی کہتی ہین کہ سات لغت مراد ہی کہ وہ قریش اور طی اور ہوازن اور ہذیل اور
یمن اور ثقیف اور بنی تمیم ہی لیکن قریش نسبت اور زبانون کی بہت فصیح ہی اسیواسطی اول قرآن اسی زبان پر
نازل ہوا پہر توسع کی لئی چند دن تک اور زبانون مین بہی اجازت رہی اور بعضی کہتی ہین کہ مراد اوسّی
سات قرأت مشہورہ ہی کہ سب متواتر ہین اور اون سبہون پر حکم قرآن کا ثابت کہ اونپر صحت نماز اور حرمت
مس جنب اور حائض وغیرہ مترتب ہی اور بعضی کچہہ اور بہی مراد لیتی ہین لیکن انحصار صحت کا انہین دونون مین ہے
اور یہ اختلاف لغت سبعہ کا انہین قرأت سبعہ کی طرف رجوع کرتا ہی جسکی تفصیل مشکوۃ مین بروایت
ابن شہاب کی موجود ہی کہ اوسنی کہا بَلَغَنِي اَنَّ تِلْكَ السَّبْعَةَ الْاَحْرُفَ اِنَّمَا هِيَ فِي الْاَمْرِ تَكُونُ
وَاحِدًا لَا يَخْتَلِفُ فِي حَلَالٍ وَلَا حَرَامٍ ملا علی قاری اور شیخ عبد الحق اسکی تحت مین افادہ فرماتی ہین
کہ یعنی مرجع ہرایک کا طرف ایک معنی کی ہی اگرچہ لفظ مین اختلاف ہو اسواسطی کہ لغات سبعہ اور اسیطرح قرأت
سبعہ مین اختلاف نہین ہوتا اور اگر اختلاف ہو اسطرح پر کہ مثبت منفی ہو جاوی اور حلال حرام یا بالعکس
تو یہ قرآن مین درست نہین کہ یہ موجب اختلاف کثیر کو ہی حالانکہ خداوند پاک فرماتا ہی ف وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ
غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا اور ہرگاہ یہ قرآن من عند اللہ ہی تو اختلاف کثیر کو اسمین
راہ نہین اب تقریب ملا نطون والا کی ناتمام رہی اور دامن جناب عثمان کا بہتان نقصان سی پاک ہوا
ع تو پاک باش برادر مدار از کس باک ٭ زنند جامۂ ناپاک گازران بر سنگ ٭ من بعد اگر کچہہ

ف یعنی حق تعالی فرماتا ہی کہ افلا یتدبرون القرآن ولو کان الآیۃ یعنی کیا غور نہین کرتی قرآن مین اور اگر ہوتا کسی اور کا سوا اللہ کی تو پاتی اوسمین بہت تفاوت ۱۲ منہ

شبہہ ہی تو مجمع البیان کے عبارت ملاحظہ کیجیے کہ وہ کسکی تائید کرتی ہی **قال المجتہد المقام** اور مخفی نرہی کہ یہ بیان
غیر قرأتون قرای سبعہ کی تھی کہ وہ حروف باقی نرہی اور یہ باقی ہین مانند قرأت اُبی بن کعب کے اور ابن عباس کے کہ آیۂ
متعہ کو اسطرح پڑہا ہی فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهِ مِنْهُنَّ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً چنانچہ تفسیر کبیر مین
مذکور ہی اور ابن اثیر جزری نی بھی اقرار اسکا کیا ہی کہ سبعہ احرف سوای قرأت سبعہ کی ہین **اقول بفضل العزیز**
العلام جو لوگ قائل ہین کہ سبعہ احرف غیر قرأت سبعہ ہی مراد اونکی غیر لغات سبعہ نہین اور نہ لغات متناقضہ
کیونکہ تقدیر اول پر عدم اتمام کلمۃ اللہ لازم آتا ہی اور یہ بدلیل کریمہ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا جائز نہین اور
بر تقدیر ثانی تبدیل مثبت بمنفی اور منفی بمثبت یا استحالہ حلال بحرام اور حرام بحلال ناگزیر ہی اور یہ موجب اختلاف کثیر ہی
کہ قطع نظر اہلسنت شیعہ بھی اسکو روا نہین کہتی چنانچہ صاحب خلاصۃ المنہج تحت کریمہ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَهُوَ
السَّمِيعُ الْعَلِيمُ کی لکھتا ہی ہیچکس نیست کہ تبدیل دہندہ باشد مر اخبار و احکام او را چنانچہ تبدیل دادند توریت را زیرا کہ
حق تعالی محافظت قرآن فرمودہ است پس معلوم ہوا کہ سبعہ احرف سی وہی لغات سبعہ مراد ہین جنکا مذکور ہوچکا اب انکا
باقی نرہنا ممنوع ہی کیونکہ مرجع کل لغات کا واحد ہی جیسی مرجع ہر قرأت کا واحد بلکہ یہ لغات سبعہ ضمن ہین انہین قرآت
سبعہ کی ہین چنانچہ بعضی شراح مشکوۃ نی جا بجا تصریح کی ہی اب لغات اور قرآت متواترہ یہی ہین جو لس قرآن مین
موجود ہین اور جو انکی سوا ہی وہ شاذ ہی یا منسوخ خصوصًا وہ قرآت کہ جنمین اختلاف کثیر اور حلت حرمت کا
تفاوت ہو تو وہ مردود ہی جیسی قرأت الی اجل مسمی بعد فما استمتعتم به منهن کی کہ شیعہ اسی اباحت متعہ کی
نکالتی ہین حالانکہ وجوہ ثلاثہ مکذب اس قرأت کی ہین پہر متعہ کو کیا کہی بیان اوسکا یہ ہی کہ حق تعالی نی پہلے
اون عورتون کا مذکور فرمایا جنسی نکاح حرام ہی اسطرح پر کہ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ تا وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ
النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ كِتَابَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ بعد اسکی اون عورتون کا ذکر چہیڑا جنسی نکاح حلال ہی
اسطرح پر کہ وَأُحِلَّ لَكُمْ الآیہ مگر کئی قیدون سی ایک أَنْ تَبْتَغُوا بِأَمْوَالِكُمْ یعنی مال دینا قبول کرو مہر اور
نفقی مین دوسری مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ یعنی قید مین لانیکی طرح ہو مستی نکالنی کو نہو یہان تک
کہ ہمیشہ وہ عورت اس مرد کی ہو جاوی اسکی چہوڑی بغیر نچہوٹی یعنی مدت کا ذکر نہ آوی کہ مہینی تک
یا برس تک اور تیسری قید سورہ مائدہ مین ہی اور یہان بھی لونڈیون کی نکاح مین کہ چہپی یاری نہو
لوگ شاہد ہیون کبہی کم دو مرد یا ایک مرد دو عورت اور مجموع ان شرطونکا غیر منکوحہ اور غیر ملکیہ مین
مفقود ہی کیونکہ تحلیل الفروج اور اعارۃ الفروج تو سوداہی متعت ہین یا حلوا او بیسد دوا

ف ۱ [illegible] ان عورتون مین سی [illegible] بڑی مدت تک [illegible]

ف ۲ یعنی [illegible]

ف ۳ [illegible] واحل لکم ما وراء ذلکم [illegible] فما استمتعتم به منهن [illegible]

[illegible]

متعہ مین احصان نہین متوعہ کا یہی معمول ہی کہ ہر ماہ یا یاری اور ہر سال در کناری رہا کرتی ہی بلکہ اگر اسکی سیاق مین
غور کیا جاوی تو صاف متعہ حرام ٹہرتا ہی اسواسطیکہ اگر وہ مباح رہتا تو لونڈیون کی نکاح کو بعد نکاح حرہ کی
بلفظ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا باین تشدد اور تقید اور التزام قیود کیون ارشاد فرماتی اور معہذا کریمہ اِلَّا
عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعَادُوْنَ
کہ صاف دو قسم کی مباشرت پر ناطق ہی ایک بی بی سی ایک لونڈی سی اور جو سوا ان دو قسمون کی ہی اوسکو موجب
نافرمانی کا فرمایا حرمت متعی پر اول دلیل ہی کیونکہ ظاہر ہی کہ متوعہ ان دونو قسمون سی باہر ہی نہ زوجہ ہو سکے
نہ ملک یمین اسواسطی کہ لوازم زوجیت کی مثل طلاق اور ایلا و غیرہا ممتوعہ مین یکقلم نہین جیسا مفصل آئیگا
حالانکہ یہ مقررات فن سی ہی کہ الشئ اذا ثبت ثبت بلوازمہ اسیواسطی امام رازی نی بطریق تنزل کی فرمایا کہ
وَهٰذِهِ الْقِرَاءَةُ عَلٰى تَقْدِيْرِ ثُبُوْتِهَا لَا تَدُلُّ اِلَّا عَلٰى اَنَّ الْمُتْعَةَ كَانَتْ مَشْرُوْعَةً وَنَحْنُ لَا نُنَازِعُ فِيْهِ اِنَّمَا الَّذِيْ
نَقُوْلُهُ اِنَّ النَّسْخَ طَرَءَ عَلَيْهِ اور اسکو ملا زمان والای اپنی بچاو کی واسطی مطلقا بی قید تفسیر کبیر پر حوالہ کیا اور غلط
اس فقرہ کو قرآن مین پڑہا سہ گر تو قرآن بدین نمط خوانی + ببری رونق مسلمانی + پس معلوم ہوا کہ یہ متعہ حرام ہی
اور یہ قرارت الی اجل مسمّٰی کی غلط ہرگز ابن عباس وغیرہ سی ثابت نہین شہوت پرستون نی اپنی لذات نفسانی کی واسطے
بنائی ہی اور خلاف سباق اور سیاق قرآن کی اوسکو دلیل متعی کی ٹہرائی ہی **قال المجتہد القمقام** اگر تم کہو کہ
قرارت الی اجل مسمی کی قرارت شاذہ ہی اسکا اعتبار نہین تو ہم کہینگے کہ یہ قرارت شاذہ نہین ہی بلکہ تمہی اسکو شاذہ
بنا دیا ہی اسلئی کہ بہت قرآن کو جلا ڈالا اور ایک ہی کو باقی رکہا پہر جو قرارت اوسکی سوا ہوگی وہ تو شاذ کہی جاویگی
اگر وہ سب قرآن موجود ہوتی تو کاہیکو شاذ ہوتی اور یہ قرارت تو تفاسیر اہلبیت سی ثابت ہی اور موافق حدیث
ثقلین کے جدائی قرآن کی اونسی محال ہی **اقول الفضل العزیز العلام** صد حیف کہ ارباب کو سل کو نظر ہی
کتب پر اور خیال اپنی بات کا بہی نہین ہے بستا اتنا نہین سمجہتی کہ اگر یہ قرارت شاذہ نہو تو اہلبیت اور قرآن مین جدائی
لازم آتی ہی اور یہ بنا بر زعم ملا زمان والای محال ہی شاید اسیواسطی ملا فتح اسد نی تفسیر منہج الصادقین مین تحت کریمہ
فما استمتعتم بہ کی شاذ ہونیکا انکار نکیا بلکہ یون لمعہ سی نقل کر رہا ہی کہ گفتہ است وور قرارت شاذہ نقل از عبد اسہ
ابن عباس و عبد اسہ ابن مسعود و ابی ابن کعب و غیر ایشان چنین وارد است کہ فما استمتعتم بہ منہن الی اجل مسمی اور معہذا
بتصریح صاحب مجمع البیان و ملا صادق شارح کلینی کی ٹہر چکا ہی کہ یہ قرآن موجود بی شبہہ ہی قرآن ہی
جو حضرت کی وقت مین تہا اور امام مہدی کی عہد مین ہوگا پہر اوسمین کہان یہ فقرہ الی اجل

مشتہر کا تہا کہ جلانیکے سبب سے شاذ ہوگیا اسکو شاذ نہ کہنی کی کیا معنی باتفاق شیعہ واجب العمل تو یہی قرآن موجود ہی اور جو خبر اسکی ظاہر کی مخالف ہی شاذ اور متروک ہی صاحب تہذیب باب من احل اللہ نکاحہ مین بعد ذکر حدیث جمیل ابن دراج اور حماد ابن عثمان اور منصور ابن حازم کی جو ابی عبد اللہ علیہ السلام سے مروی ہی بچارہی کہتہ ہاہی فَهٰذَانِ الْخَبَرَانِ قَدْ وَرَدَا شَاذَّيْنِ مُخَالِفَيْنِ بِظَاهِرِ كِتَابِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَكُلُّ مَا وَرَدَ هٰذَا الْمَوْرِدَ فَإِنَّهُ لَا يَجُوزُ الْعَمَلُ عَلَيْهِ چنانچہ بنا بر اسی تحقیق کی والد ماجد جناب نے اپنی کتاب صوارم مین مشایخ وغیرہ کی طرف سے بنا جو آپ کے رکہی ہی اب فرمائی کہ یہ قراءت شاذ اور متروک العمل ٹہری یا نہین اگر نہین تو ملا فتح اللہ اور صاحب مجمع البیان اور ملا صادق کو جواب دیجئی اور اگر ہی تو کتاب صوارم کی سیر کیجئی کہ حکم شاذ کا معلوم ہو مخالفت آپکی نفی شرعی ہی اور انکار اور مکابرہ ٹہرتی ہے کچہہ بہی توجہ نہین سوچئی انصاف کیجئی زنگ کجی سے شیشہ دل صاف کیجئی اور حق تو یہ ہی کہ اسکو حضرت امیر ہی نی شاذ بنایا کہ چہپا رکہا اگر ظاہر کرتی تو کاہیکو یہ شاذہ کہلاتی یہ کشتی خضر ہی کے ڈبائی ہی قَالَ الْمُجْتَهِدُ الْقَمْقَامُ خلاصہ مطلب یہ ہی کہ یہ قرآن مروج بلا شبہہ منزل من اللہ اور واجب العمل ہے اَقُولُ الْفَضْلُ الْعَزِيزُ الْعَلَّامُ بی شبہہ یہ بات حق ہی اور انکار اسکا کفر اور ضلال مگر ملا زمان والا سی سہواً یا عمداً بطور تقیہ یا اجتہاد جدید کی یہ کلام یہان سرزد ہوا اور نہ رسالہ بارقہ ضیغمیہ مین کہ تصنیف خاص حضور ہی اسکی خلاف ارشاد ہورہا ہی کہ چون این نظم قرآنی نظم عثمانیست بر شیعیان احتجاج بآن نشاید ظاہر تو یہ بات اختلاط سے خالی نہین قَالَ الْمُجْتَهِدُ الْقَمْقَامُ مگر یہ جو پوچہتی ہو کہ کچہہ کم و کاست اسمین ہوا یا نہین سو روایات اور احادیث شیعہ اور سنی سے قرآن کا نقصان فی الجملہ ثابت ہوتا ہی لیکن نہ ایسا نقصان کہ مانع و منافی عمل کا اس قرآن موجود پر ہو اسی لئی حضرات اہلبیت علیہم السلام کا بہی عمل اسی قرآن مروج پر تہا اور حکم عمل کرنیکا اسپر ہمکو بہی ہی ہان بعض قدمای علمائے ہماری بالمرۃ انکار نقصان قرآن کا بہی کیا ہی مگر یقین اس امر پر کہ نقصان کچہہ اسمین نہین ہوا ہی مشکل ہی لیکن زیادتی کسی آیت کی تو البتہ نہین ہوئی ہی اَقُولُ الْفَضْلُ الْعَزِيزُ الْعَلَّامُ حال روایات معتبرہ اور احادیث صحیحہ اہلسنت کا مفصل معلوم ہو چکا کہ شائبہ نقصان قرآن کا انکی کتب سے ثابت نہین نہ صراحۃً نہ اشارۃً اب اسکو بزور انکی سر باندہنا گویا اس پردہ مین اپنا عیب چہپانا ہی کیا یہ بہی اجتہاد مین داخل ہے کہ جو چیز ثابت نہو خواہی نخواہی اوسکو ناحق ثابت کیجئی غیروں کی مذہب مین اجتہاد جناب کا کب معتبر ہی آپ اپنی نقصان پر رہئی محققین امامیہ کہ یون فرماتی ہین اونکو جو چاہئی سو کہئی شیخ ابو جعفر کتاب الاعتقادات مین لکہتی ہین وَمَنْ يَنْسِبُ إِلَيْنَا أَنَّا نَقُولُ إِنَّهُ أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ

(حاشیہ:) ۵ یہ دو [illegible] ... وارد ہوئی [illegible] مخالف ... قرآن کی ... قرآن کی ... آیتین ... قرآن زیادہ تہا اس ... قرآن [illegible] ... [illegible]

فہو کاذب اور بہتان النواصب مین ہی وما نسبه الی الشیعة من قولهم بوقوع التغییر فی القرآن لیس
مما قال به جمهور الامامیة وانما قال به شرذمة قلیلة لا اعتداد لهم فیما بینهم تو فرمائی گران دو تو
شاہدین عادلین کے شہادت کے کون جہوٹہا اور بی اعتبار اور بموجب تصریح صاحب مجمع البیان کے جسکا ذکر گذرا کون حشویہ
نابکار ٹہہرتا ہی شاید اسی قرسی خواجہ طوسی نے الزام نقصان قرآن سی اپنی تجرید کو مجرد کیا طرفہ یہ ہی کہ اس قرآن کو ناقص بھی
بتائی جاتی ہین اور عمل کرنی کو بھی بتائی جاتی ہین ہرگز دریافت نہین ہوتا کہ قرآن کو ناقص بتانا کس راہ سی ہے
اگر یہ سبب ہے کہ فضائل امیر المومنین اور مناقب اہلبیت طاہرین اسمین نہین تو سورہ ہل اتی اور آیہ تطہیر کسکی حق مین
نازل ہوا ان اخبار خلافت خلفاء راشدین اور فضائل ازواج مطہرات سید المرسلین خصوصًا فضیلت جناب صدیقہ اور
تائیدات مذہب اہلسنت کے بہی اسمین مذکور ہین اور ذکر بداء اور تقیہ کا اور ماجرای غصب کلثوم اور قصہ آزردگی جناب زہرا
اور رسن بگلو ہونا شیر خدا کا اور بیکسی اہلبیت کی اور مضامین حق الیقین کے کہ حضرت پیغمبر نے جناب زہرا اور حضرت علی مرتضی
کو فرمایا کہ پدرت فدای تو باد و برادر حمت قربان تو باد اور بند شین مرثیہ ضمیر اور دبیر کی اوسمین نہین یہ اسباب نقصان کے
البتہ ہو سکتی ہین خدا جانتا ہی کہ بعضی شیعہ مذہب کے انصاف سے کچھ بہرہ رکہتی ہین حقیقت نقصان کے سنکر ہاتہہ ملتی ہین کہ
احد الثقلین یعنی عترت نبی الحرمین اکثر تو انتقال فرما گئی اور ایک آپ جو زندہ ہین وہ غیبت کے سبب ہاتہہ نہین آتی ہر چند
عریضی لکہتی ہین پر جواب کا پتا نہین لگتا انسو پونچہنی کو یہ قرآن کہ احدہما اعظم من الآخر اسکی شان ہی باقی رہگیا تہا
اب اسکو بھی جناب قبلہ و کعبہ نے ناقص ٹہہرایا شعلہ کینہ دشمنان دین محمدی کو بہڑکایا بڑی سند اونکی ہاتہہ لگی چشم خوابیدہ
فتنہ کی جگی شان خدا ہی جنکی تقرب اور تالیف کی لئی ملازمان ... لائی یہ خاک چہانی اون لوگون نی بہی ایک لائی
تحسین بہی نکی شیرین نے اس تیشہ زنی پر ۔ پتہر پڑی فرہاد تری کوہکنی پر ۔ کہین بصحت ثابت نہین ہوتا کہ
جناب امیر المومنین یا بقیہ ائمہ طاہرین نے اس قرآن کو ناقص بتایا ہو یا اپنی اولاد امجاد کو نہ پڑہایا ہو سب اسکو لکہتی
پڑہتی آئی اور سر آنکہہ پر رکہتی آئی اگر یہ قرآن ناقص تہا تو جناب امیر نی قرآن کامل کیون نہ پہیلایا یہان بات
بنائی گو یا غیرت ستائی ہی فی الحقیقت اعتقاد نقصان قرآن کا مثل اعتقاد اون لوگون کے ہی کہ خدا اور رسول سی لاچار ہو کر
بعضی قائل الوہیت حضرت امیر کی ہوئی اور بعضون نے ادعای نبوت آنحضرت کا کیا چنانچہ اسکا بیان بجای خود مذکور ہی
قال المجتہد القمقام اور جو تمنی پوچہا کہ جمع کیا ہوا حضرت امیر کا یہی قرآن ہی تو یہ سوال تمسی بعید تہا اسواسطے
کہ اگر یہ وہی قرآن ہوتا تو محنت اور مشقت حضرت عثمان کی جمع کروانی قرآن مین زید ابن ثابت وغیرہ سی اور احراق
باقی مصاحف مین بالکل برباد ہو جاتی اسکو تم کیونکر گوارا کر سکتی ہو اور وہ قرآن جو حضرت امیر علیہ السلام نے موافق

تنزیل کی جمع فرمایا تھا وہ اونہین حضرت کے پاس اور اونکی اولاد طیبین اور طاہرین کے پاس موجود اور مخزون رہا اور اب
حضرت صاحب الامر کی پاس موجود ہی جسوقت مین کہ اون حضرت کا ظہور اور خروج ہوگا تو وہ بھی ظاہر ہوگا فقط
اقول بفضل العزیز العلام یہ سوال تو ظاہرا بعید نہین معلوم ہوتا کیونکہ جب باعتراف ثقات ساری ائمہ
ہدی اور اونکی اولاد امجاد اسی قرآن کو پڑہتی لکہتی آئی مگر بشہادت طبرسی اور شیخ طوسی حضرات حشویہ اور کذاب جب
اس نقصان کے قائل ہوئے تو سائل کو شبہہ پیدا ہوا کہ یہ وہی قرآن ہی جو حضرت امیر نے جمع کیا تھا یا اور یہی اگر وہی ہی
تو ہو المراد و نعم الوفاق اور اگر وہ نہین تھا تو اپنی قرآن کو کیون چھپا رکھا اور اسکو پڑہا پڑہایا سبحان اللہ پڑہنی
پڑہانیکو یہ قرآن اور رکہنی چھپانیکو وہ قرآن حق یہ ہی کہ جس قرآن کو حضرت عثمان نے جمع کیا اوسیکو جناب امیر نے
قبول کیا اور فرمایا کہ اگر عثمان جمع نکرتا تو مین جمع کرتا جیسا اوپر گذرا قرآن کے مقدمی مین سب پر احسان ہی جناب
عثمان کا جو اس احسان کو بھانی احسان فراموش ہی اور بار ایمان سے سبکدوش اور یہ بھی پہلی مذکور ہوا کہ جمع کرنا
جناب امیر کا قرآن کو ثابت نہین نہ سنی کی یہان نہ شیعہ کی یہان پس اونکی اولاد کی پاس خصوصا صاحب الامر کی پاس
کیونکر موجود ہی اور پر تو ملا صادق کہ بیشک اس مقدمی مین صادق ہی کاذب نہین کلینی کی شرح مین تصریح لکھہ گیا
یظہر القرآن بہذا الترتیب عند ظہور الامام الثانی عشر و یشتہر بہ یعنی یہی قرآن حضرت
امام آخر الزمان کی وقت مین ظہور پکڑیگا اور مروج اور مشہور بھی ہیگا پس اس قول مین ملا صادق صادق ہے
یا ملا زمان و الا انصاف فرمائی کہین سے کہین بجائی **قال المجتہد القمقام** اب حضرات سنیہ کو بیان اپنی
اعتقاد کا اور جواب ہماری سوالون کا ضرور اور متحتم ہی کہ اللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم **اقول**
بفضل العزیز العلام تمام اہلسنت کے اعتقاد مین بھی قرآن حق ہی کسیطرح کا اسمین شبہہ نہین ذلک
الکتاب لاریب فیہ جسقدر حضرت خاتم النبیین سید المرسلین پر نازل ہوا بی کم و کاست موجود ہی کیا مجال کہ کوئی
ایک حرف بڑہا سکی قُلْ لَئِنِ اجْتَمَعَتِ الْجِنُّ وَالْاِنْسُ عَلٰی اَنْ یَاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ
وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا یا کچھہ گہٹا سکی اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ اور تغیر یا
تبدیل کو اصلا راہ نہین وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهٖ وَهُوَ السَّمِیْعُ
الْعَلِیْمُ اور یہ کلام الہی قدیم ہی اور معجز ایک معجزون سی یہ ہی کہ منافق گویا د نہین ہوتا اِنَّ الْمُنَافِقِیْنَ
فِی الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِیْرًا اور باقی عقیدون کی حقیقت کتب عقاید
اہلسنت مین مذکور ہی جسکو منظور ہو مطالعہ کری اور یہ جو فرمایا کہ جواب ہمارے سوالون کا ضرور

السوال الثانی

سبحان اللہ کیا مشکل سوال کیا ہی کمترین اہلسنت نے سارے سوال کے جواب دئی اور مستفتی کی سوال ساتہ اپنے
سوالون کی طلاز بانی و الملاکی طرف متوجہ کئی خبر بھیجی تقریباً اپکی ناتمام ہی حقیقت شبہون کی بالی سی پتلی ہو گئی
اب ہماری سوالون کی جواب دیجئی آیندہ کی تدبیر کیجئی ع مردِ آخر بین مبارک بندہ ایست * واللہ یہدی من یشاء
الی الصراط القویم والآن اشرع فی جواب السوال الثانی بفضل العلیم فاقول **قال المستفتی** چہ میفرمایند
مجتہد العصر والزمان اندرین مسئلہ متعہ کہ متلاشی صحت کا ہون مگر اب تک سند بحوالہ کتاب دستیاب نہین ہوئی کہ کونسی
پیغمبر یا امام سے یہ مسئلہ جاری ہوا امامیہ مذہب اسکو روا رکہتی ہین اور سنت جماعت اسکو روا نہین رکہتی ہمکو دریافت کرنا
اس مسئلہ کو بسند کتاب ضرورتر ہی اور سند اسکی ہم بحدیث نبوی اور مطابق آیات کلام اللہ چاہتی ہین امید کہ آپ
مجتہد العصر ہین دربناب شک ہمارا رفع ہو فقط **قال المجتہد القمقام** جواب سندین حلت متعہ کی بہت ہین
کہ رسائل اور کتب مبسوطہ مین لکہین ہین مگر سند مختصر بالفعل یہی کافی ہی کہ خود خلیفہ ثانی نی فرمایا ہی مُتعتان
کانتا علی عہد رسول اللہ وانا اُحرمہما یعنی دو متعہ زمانہ پیغمبر خدا صلعم مین حلال تہی اور مین اونکو
حرام کرتا ہون پس جبکہ متعہ النسا اور متعہ الحج زمانہ انحضرت مین حلال ہوا تو اسسی سند اور کون زیادہ ہو گی
کہ فرمانا انحضرت کا بوحی الٰہی تہا و ما ینطق عن الہوی ان ہو الا وحی یوحی **اقول الفضل العزیز العلام**
یہ جواب سوال ثانی کا بہی بطور سوال اول کی بی سر و پا ہی اور سراسر خلاف استفتا دو ایک دلیل نکلے
حلت متعہ کی کتاب اور سنت معمولہ سی نہ لاسکی بلکہ وہ حدیث کہ الزاما اوسی حلت متعہ کی اپنی زعم مین نکالی
لائی اور معنی اوسکی اپنی مدعا کی موافق بیٹہالی غور کرنا چاہئی کہ اس حدیث مین متعتان محللتان کہان ہی جسکی ترجمی مین
ارشاد ہوتا ہی کہ دو متعی زمانی پیغمبر خدا صلعم مین حلال تہی اور مین اونکو حرام کرتا ہون شاید یہ غلطی لفظ کانتا سی
پڑی اور انا احرمہما کو اسپر قرینہ ٹہرایا سمجہی کہ کسی کی عہد مین کسی شئی کا ہونا استیعاب کو لازم ہی اور نہ وصف
حلت کو مستلزم خود حضرات شیعہ قایل ہین کہ عباسیون کی عہد مین سادات کشی بہت تہی حالانکہ یہ فعل نہ موصوف
بصفت حلت تہا اور نہ تمام اوس عہد کو لازم و اذا کثر ایہ کیو نکر صحیح رہتی اس تقدیر پر معنی احرمہما کی اخبر عن حرمتہما ہے
یعنی حضرت عمر فرماتی ہین کہ دو متعی جو عہد کرامت عہد جناب سرور کائنات مین تہی اور بہت لوگون کو اونکی حرمت کے
خبر نہین پہونچی سو اب مین خبر کئی دیتا ہون کہ وہ دونو حرام ہین اور دلیل حرمت متعۃ النسا پر وہی قیود ثلثہ
اور آیہ محکمہ یا ضیہ الا علی ازواجہم الآیہ اور احادیث آیتہ اور ارشاد جناب عمر کہ واللہ اللہم انی لا احل لکم
شیئاً حرمت علیہم ولا احرم علیہم شیئاً احللتہ اور حدیث استبصار اور تہذیب کی کہ

دونون پر اوس شئی کو جسکو تو نے حرام کیا او پر اور نہین حرام کرتا مین دونون پر اوس شئی کو جسکو تو نے حلال کیا اوپر ۱۲ منہ

حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلعم لُحُوْمَ الْحُمُرِ الْاَہْلِیَّۃِ وَنِکَاحَ الْمُتْعَۃِ ہی اور متعۃ الحج کہ جسمین سعی بین الصفا والمروہ
پیچھی طواف قدوم کے اور پہلی طواف زیارت کی کرلیتی ہین یا وہ کہ اشہر حج مین عمرہ بجالاکر اوسی سفر مین حج ادا کرتی ہین
یہ دونو تو ابتک مشروع ہین کسینی انکو حرام نہین کیا لیکن وہ متعۃ الحج کہ طواف کی بعد اگر ہدیہ میسر نہوا تو احرام حج ہی کے بجالاکر
حج کو فسخ کرین البتہ یہ حرام ہی اور دلیل اسکی حرمت کی کریمہ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَ لِلّٰہِ اور امر نبوی کما اخرجہ الو... ہی کیونکہ
یہ مخصوص حجۃ الوداع مین تھا واسطی مٹانی رسم جاہلیت کی کہ کفار نابکار تمتع کو اشہر حج مین افجر فجور جانتی تھی چنانچہ بخاری مین
مذکور ہی پس اب جلت دونو متعونکی مفہوم مخالف ارشاد فاروق اعظم سی کہان ثابت رہی اور وحی الہی نی کسکی تائید کی ہی
باوجود اسکی اگر فرمائی کہ احرم بمعنی اخبر کی مجاز ہی حقیقت کی ہوتی ہم مجاز کو نہین مانتی پس اس تقدیر پر اگر یہ معنی نہ لیجیی گا تو ارشاد
ایمہ مین کہ نحن المحللون حلالہ والمحرمون حرامہ ہی کیا کیجیی گا اگر معنی حقیقی پر رکھیگا تو ممنوع ہی الا اسکوت مین
جو جناب فاروق پہ وارد ہوتا تھا وہ بعینہ حضرات ایمہ پر وارد ہی اور اگر معنی مجازی پر رکھی گا تو مسلم لیکن بالنحن فیہ مین
اس ارادی کا کون مانع ہی اور معہذا اپنی الد بزرگوار کو کیا جواب دیجیی گا کہ وہ اسی قول کی تفسیر اپنی کتاب حسام مین
بایں عبارت افادہ فرماتی ہین یعنی در عہدۂ جناب ایمہ ہست کہ بان اخبار فرمایند بڑی افسوس کا مقام ہی کہ ملازمان
والا اپنی گہر کی بھی خبر نہین رکھتی اور کا کیا ذکر ~ گر ہمی بیخبری حضرت والا ہوگی ؛ تار و پود پدر سب بالا ہو

قال المجتہد القمقام اور صحیح ترمذی مین روایت ہی کہ ایک شخص نے کہ اہل شام سی تھا ابن عمر سی حال
متعی کا پوچھا ابن عمر نی کہا کہ وہ حلال ہی اوس شخص نے کہا کہ تمہاری باپ نے تو اسکو منع کیا ہی ابن عمر نی کہا کہ تو مجکو بتا
کہ اگر میری باپ نی اوسی ممانعت کی اور کیا اوسکو پیغمبر خدا صلعم نی کیا مین ترک کرون سنت پیغمبر کو اور تابع ہون
اپنی باپ کی قول کا **اقول بفضل العزیز العلام** جناب اجتہاد مآب کی دیانت سی بہت دور ہی کہ اسقدر
نقل لفظ اور معنی مین خیانت کرین صحیح ترمذی مین حدیث حرمت متعی کی البتہ ابن عباس سے یون موجود ہی کہ قال اِنَّمَا
کَانَتِ الْمُتْعَۃُ فِیْ اَوَّلِ الْاِسْلَامِ کَانَ الرَّجُلُ یَقْدِمُ الْبَلْدَۃَ لَیْسَ لَہٗ بِہَا مَعْرِفَۃٌ فَیَتَزَوَّجُ
الْمَرْاَۃَ بِقَدْرِ مَا یَرٰی اَنَّہٗ یُقِیْمُ فَتَحْفَظُ لَہٗ مَتَاعَہٗ وَتُصْلِحُ لَہٗ شَیْئَہٗ حَتّٰی اِذَا نَزَلَتِ الْاٰیَۃُ اِلَّا عَلٰی
اَزْوَاجِہِمْ اَوْ مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُہُمْ الآیہ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَکُلُّ فَرْجٍ سِوَاہُمَا فَہُوَ حَرَامٌ اور جس حدیث
کو ملازمان والا نی نقل کیا ہرگز کتاب مذکور کی ابواب النکاح کیا باب متعۃ النساء مین بھی نہین ہان ابواب الحج کی باب ماجاء
فی التمتع مین بتصریح متعۃ الحج البتہ باین عبارت جو ہی عن ابن شہاب اَنَّ سَالِمَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰہِ حَدَّثَہٗ اَنَّہٗ سَمِعَ
رَجُلًا مِنْ اَہْلِ الشَّامِ وَہُوَ یَسْاَلُ عَبْدَ اللّٰہِ ابْنَ عُمَرَ عَنِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَۃِ اِلَی الْحَجِّ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ

ابن عمر بھی حلال الی یوم القیامۃ ہی نہ کہتی ہوئی حرام ما نقلتم بحاصلہ پس یہ حدیث متعۃ النسا مین کہان تہری شاید ابھی ماخذ ہی کے
و ہسی ترجمہ لفظ عن التمتع بالعمرۃ الی الحج کو حذف کیا اور مغالطہ دہی کو صرف لفظ متعہ کا لیا سبحان اللہ جب یہ حال
مجتہدون کا ہو کہ دیدہ و دانستہ حدیثون مین دخل کرین تو مقلد کس گنتی مین ہارے گہنٹا ہوئی آنکہہ کہان کے بات
کہان پہنچائی ؎ چہ خوش گفت سعدی در زلیخا الا یا ایہا الساقی ادر کاسا وناولہا ❊ اتنا بہی
نہین جانتی کہ عبداللہ ابن عمر متعہ کی حرمت مین احادیث متعددہ مشہور ہین اور کتب معتبرہ مین مذکور
منہا ما اخرجہ الامام احمد فی مسندہ عن عبد الرحمٰن بن نعیم الاعرجی قال سأل رجل ابن عمر
عن متعۃ النساء فغضب وقال واللہ ما کنا علی عہد رسول اللہ صلعم زانین ولا مسافحین
